© rasailojaraid.com

**احمد خلیل (بزبان انگریزی)** تالیف: محترمہ مریم جمیلہ صاحبہ۔ شائع کردہ: محمد یوسف خان، سنت نگر، لاہور۔ قیمت ساڑھے چار روپے۔ صفحات ۱۶۰۔

یہ ایک فلسطینی مسلمان کی داستان ہے جو بیچارہ صیہونیت کے جبر و استبداد کی وجہ سے اپنا گھر بار چھوڑنے پر مجبور ہوا ہے۔ یہ کتاب صرف احمد خلیل کی مظلومیت کی داستان نہیں بلکہ اُس کے عزم و ثبات اور باری تعالیٰ پر یقین کامل کا بھی اظہار ہے۔ کتاب کی زبان بڑی اچھی ہے اور قاری اس سے لازمی طور پر متاثر ہوتا ہے۔ معیار طباعت اونچا ہے۔

---

**کتاب الصلوٰۃ اور کتاب النکاح** تالیف: شیخ الاسلام برہان الدین ابوالحسن علی بن ابی بکر بن عبدالجلیل الفرغانی المرغینانی۔ ترجمہ: جناب غازی احمد صاحب۔ شائع کردہ: المکتبہ العلمیہ، لیک روڈ، لاہور۔

فاضل مترجم نے فقہ کی معروف و مشہور کتاب ہدایہ کے ترجمے کا جو مفید کام شروع کر رکھا ہے اس کا تعارف ترجمان القرآن میں پہلے کرایا جا چکا ہے۔ زیر تبصرہ دونوں کتب اسی کی دو مزید کڑیاں ہیں۔ ترجمہ ہر اعتبار سے عمدہ اور قابل قدر ہے۔ اس میں ایک دوسرے عالم دین جناب بشیر احمد صدیقی نے نظر ثانی کر کے اسے مزید قابل اعتماد بنا دیا ہے۔ خدا کرے یہ مفید سلسلہ پایہ تکمیل تک پہنچ جائے۔

معیار طباعت اچھا ہے۔ کتاب الصلوٰۃ ۲۲۸ صفحات پر مشتمل ہے اور اس کی قیمت ۵ روپے ہے کتاب النکاح کے ۱۷۶ صفحات ہیں اور قیمت پونے تین روپے ہے۔

---

© rasailojaraid.com